خدمتِ اہل وطن

انتخابات کا شور وشغف ختم ہوگیا، لیکن ملک کے سیاسی اخلاق کو بلند کرنے کی سعی ہر وقت اور ہر حال میں جاری رہنی چاہیے۔ سیاستِ ملکی کا زرّیں اصول اور مذہب کی جان یہ ہے کہ اپنی جان جوکھوں میں ڈال کر اہلِ وطن اور مخلوقِ خدا کی خدمت کی جائے۔ جس قوم کے افراد میں قربانی کی روح زیادہ ہوگی، وہی معزز اور محترم ہوگی۔

نوجوان سیاسی میدان میں آنے سے پہلے یہ سوچ لیں کہ وہ قوم کے سیاسی اخلاق کو بلند کرنے کی کہاں تک قابلیت رکھتے ہیں؟ اِس قابلیت کا معیار محض علم اور سرمایہ نہیں بلکہ سارا دارو مدار قربانی اور مخلوق کی خدمت کے سچے جذبے پر ہے۔ خدمت میں عظمت ہے۔ اگر ایسا کروگے، اطمینان کی دولت حاصل کرلوگے۔ یہ ایسی چیز ہے جو سیم وزر کے انبار سے زیادہ تسلی دیتی ہے۔

وطن کی محبت کو عشق کے درجے تک پہنچاؤ۔ عشق میں سوداگری نہیں ہوسکتی، وہاں لینے کی توقع چھوڑ کر سب کچھ دینا ہی پڑتا ہے۔ اس لیے اہل وطن کی خدمت میں بہترین آرزوؤں کو قربان کرنے کا ارادہ کرکے اٹھو، دعا کرو کہ خدا ہمیں دین اور اسلام کی خدمت کا موقع دے۔ آمین!

مفکرِ احرار چودھری افضل حق رحمۃ اللہ علیہ